آڈٹ بیورو آف سرکولیشن (ABC) وزارت اطلاعات ونشریات سے باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت

DAILY NAWA-E-AHMEDPUR SHARQIA

روزنامہ

نوائے احمد پور شرقیہ

بہاولپور

چیف ایڈیٹر: احسان احمد سحر

ایڈیٹر: اعجاز احمد خان

ٹیلیفون نمبر: 062-2508053

موبائل: 0301-7740405

منیجنگ ایڈیٹر: محمد سلیمان فاروقی

E-mail: nawaiahmedpur@gmail.com, daily.nawaiahmedpur@gmail.com

جلد نمبر 20 | بروز اتوار 15 نومبر 2026ء قیمت فی شمارہ 10 روپے زرسالانہ 3 ہزار روپے | شمارہ نمبر 221

بلوچستان میں سکیورٹی فورسز کے آپریشنز، 8 دہشتگرد ہلاک، میجر اور حوالدار شہید

بلوچستان کے مختلف علاقوں میں سکیورٹی فورسز کے انٹیلی جنس بیسڈ آپریشنز کے دوران بھارتی حمایت یافتہ فتنہ الہندوستان کے 8 دہشت گرد ہلاک کر دیے گئے، جن میں ایک خودکش حملہ آور بھی شامل ہے

پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ (آئی ایس پی آر) کے مطابق فائرنگ اور دہشت گردوں کے حملے کے نتیجے میں پاک فوج کے میجر عمر منہاس ناصر اور حوالدار محمد عدنان خان نے جام شہادت نوش کیا



کوئٹہ (مانیٹرنگ ڈیسک) بلوچستان کے مختلف علاقوں میں سکیورٹی فورسز کے انٹیلی جنس بیسڈ آپریشنز کے دوران بھارتی حمایت یافتہ فتنہ الہندوستان کے 8 دہشت گرد ہلاک کر دیے گئے، جن میں ایک خودکش حملہ آور بھی شامل ہے۔ پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ (آئی ایس پی آر) کے مطابق فائرنگ اور دہشت گردوں کے حملے کے نتیجے میں پاک فوج کے میجر عمر منہاس ناصر اور بقیہ نمبر 1 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

وزیر خارجہ اسحاق ڈار سے ترکمانستان میں پاکستان کی سفیر ڈاکٹر فریال لغاری کی ملاقات

نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ نے پاکستان اور ترکمانستان کے تعلقات کو مزید مستحکم بنانے کے لیے سفیر کی مسلسل کوششوں کو سراہا

اسلام آباد (سی ایم لنکس) نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار سے ترکمانستان میں پاکستان کی سفیر ڈاکٹر فریال لغاری نے ہفتہ کو وزارت خارجہ میں ملاقات کی۔ ملاقات میں نائب وزیراعظم نے تجارت، توانائی اور علاقائی بقیہ نمبر 2 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

پاکستان اسٹاک ایکسچینج: کاروباری ہفتے میں مثبت رجحان رہا

کراچی (سی ایم لنکس) پاکستان اسٹاک ایکسچینج کی ہفتہ وار اپ ڈیٹ سامنے آ گئی، کاروباری بقیہ نمبر 3 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

شہباز شریف سے آصف علی زرداری کی ملاقات، ملکی صورتحال پر تبادلہ خیال

صدر مملکت آصف علی زرداری ماڈل ٹاؤن میں وزیراعظم شہباز شریف کی رہائش گاہ پہنچے، جہاں وزیراعظم نے ان کا پرتپاک استقبال کیا

دونوں رہنماؤں نے اتحادی جماعتوں کے درمیان باہمی تعاون، مشاورت کے تسلسل اور عوامی فلاحی منصوبوں پر پیشرفت کا جائزہ لیا

ملاقات میں سپیکر سردار ایاز صادق، راجہ پرویز اشرف، سینیٹر سلیم مانڈوی والا، اعظم نذیر تارڑ، وزیراعظم کے مشیر رانا ثناءاللہ اور رکن قومی اسمبلی میاں حمزہ شہباز شریف بھی موجود تھے



لاہور (مانیٹرنگ ڈیسک) صدر مملکت آصف علی زرداری ماڈل ٹاؤن میں وزیراعظم شہباز شریف کی رہائش گاہ پہنچے، جہاں وزیراعظم نے ان کا پرتپاک استقبال کیا۔ ملاقات میں ملک کی مجموعی سیاسی، معاشی اور سکیورٹی صورتحال پر تفصیلی گفتگو بقیہ نمبر 4 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں


بھرتی کے عمل میں میرٹ، شفافیت اور غیر جانبداری کو ہر صورت مقدم رکھا جائے

تمام کارروائی مقررہ قواعد وضوابط کے مطابق مکمل کی جائے۔ ڈی پی او

بہاول پور (پ ر) ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر رانا عبدالوہاب کی زیر نگرانی الیکشن کمیشن بہاولپور ڈویژن میں سکیورٹی پرسنل کی بھرتی کا عمل شفاف، منظم اور میرٹ کے مطابق یقینی بنایا گیا۔ بھرتی کے تمام مراحل میں امیدواروں کی شناخت وکوائف کی بقیہ نمبر 5 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

جنوبی پنجاب میں جے اے پی سے منسلک پریس کلبوں کے صحافیوں کیلئے دو مشیران کی مفت صحافتی تربیت کی پیشکش

سابق ڈائریکٹر اطلاعات پنجاب نذیر خالد بالمشافہ تربیتی ورکشاپس منعقد کریں گے، جبکہ کراچی کے میڈیا پروفیشنل خالد سعید سوشل میڈیا جرنلزم پر آن لائن تربیت فراہم کریں گے





احمد پور شرقیہ (پ ر) جرنلسٹس الائنس پاکستان (جے اے پی) کے نو تعینات ہونے والے دو مشیران، حکومت پنجاب کے سابق سینئر ڈائریکٹر تعلقات عامہ نذیر خالد اور کراچی سے تعلق رکھنے والے میڈیا پروفیشنل خالد سعید نے جنوبی پنجاب میں جے اے پی سے منسلک پریس کلبوں کے اراکین کو مفت صحافتی تربیت فراہم کرنے کے لیے اپنی پیشہ ورانہ خدمات رضاکارانہ طور پر پیش کر دی ہیں۔ یہ اقدام رورل میڈیا نیٹ ورک پاکستان اور روزنامہ نوائے احمد پور شرقیہ کی مشترکہ کوششوں کے تحت شروع کیا گیا ہے، جس کا مقصد بالخصوص دیہی اور چھوٹے شہروں میں خدمات انجام دینے والے صحافیوں کی پیشہ ورانہ صلاحیتوں، معلومات بقیہ نمبر 6 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

سرحدی قانونی ٹیم کا نئے صوبوں کے قیام کیلئے ریفرنڈم کی تجویز پر غور

وزارت قانون، پارلیمانی امور، اٹارنی جنرل ریفرنڈم کے آئینی وقانونی پہلوؤں پر غور کر رہے ہیں، نئے صوبوں سے متعلق آئینی ترمیم کے لیے مطلوبہ حمایت نہ ملنے پر ریفرنڈم کی تجویز پر غور کیا جا رہا ہے، وزیراعظم معاملے پر پارلیمنٹ سے ریفرنڈم کی اجازت حاصل کر سکتے ہیں، ریفرنڈم کے انعقاد کے لیے پارلیمنٹ کے مشترکہ اجلاس سے منظوری لیے جانے پر بھی غور ہو رہا ہے



اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) حکومتی قانونی ٹیم نئے صوبوں کے قیام کے لیے ریفرنڈم کرانے کی تجاویز پر غور کر رہی ہے۔ ذرائع کے مطابق وزارت قانون، پارلیمانی امور، اٹارنی جنرل ریفرنڈم کے آئینی وقانونی پہلوؤں پر غور کر رہے ہیں، نئے صوبوں سے متعلق آئینی ترمیم کے لیے مطلوبہ حمایت نہ ملنے پر ریفرنڈم کی تجویز پر غور کیا جا رہا ہے۔ بتایا گیا ہے کہ وزیراعظم معاملے پر پارلیمنٹ سے ریفرنڈم کی اجازت حاصل کر سکتے ہیں، ریفرنڈم کے انعقاد کے لیے پارلیمنٹ کے مشترکہ اجلاس سے منظوری لیے جانے پر بھی غور ہو بقیہ نمبر 9 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

جرائم پیشہ عناصر کے خلاف موثر کارروائیاں جاری

گرفتار ملزمان کے قبضہ سے بھاری مقدار میں شراب، منشیات واسلحہ ناجائز برآمد

بہاول پور (پ ر) ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر رانا عبدالوہاب کی ہدایات پر جرائم پیشہ عناصر کے خلاف موثر کارروائیاں جاری، بہاولپور پولیس نے گزشتہ دو روز میں مختلف کارروائیاں عمل میں لاتے ہوئے 12 ملزمان گرفتار کیے، گرفتار ملزمان کے قبضہ سے بھاری مقدار میں شراب، منشیات واسلحہ ناجائز برآمد۔ سماج دشمن عناصر کسی رعایت کے بقیہ نمبر 7 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

پنجاب حکومت کے گلف سٹریم طیارے کا آپریشنل کنٹرول پاک فضائیہ کے سپرد

پاک فضائیہ کے تین حاضر سروس پائلٹس کی خدمات ڈیپوٹیشن پر پنجاب حکومت کے حوالے کی گئی ہیں، جو پنجاب حکومت کے پائلٹس کے ساتھ مل کر طیارے کے فلائٹ آپریشن انجام دے رہے ہیں



لاہور (مانیٹرنگ ڈیسک) پنجاب حکومت نے اپنے طیارے گلف سٹریم G-500 کا آپریشنل کنٹرول اور مینٹیننس پاک فضائیہ کے سپرد کرنے کی منظوری دے دی۔ پنجاب حکومت نے اپنے جدید سرکاری گلف سٹریم G-500 اس بقیہ نمبر 13 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں


ڈی پی او اور انا عبدالوہاب کی ایس ڈی پی او آفس سرکل سٹی و صدر بہاولپور میں کھلی کچہری

کھلی کچہریوں میں متعدد شہریوں نے اپنے مسائل ڈی پی او بہاولپور کے سامنے پیش کیے

بہاول پور (پ ر) ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر رانا عبدالوہاب کی جانب سے شہریوں کے مسائل کے فوری اور میرٹ پر حل کے لیے ایس ڈی پی او آفس سرکل سٹی و صدر بہاولپور میں کھلی کچہری کا انعقاد۔ کھلی کچہریوں میں متعدد شہریوں نے بقیہ نمبر 8 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

ملک کے اندر سیاسی ڈیڈ لاک ختم ہونا چاہیے، یہ کسی کے مفاد میں نہیں، چوہدری پرویز الٰہی

عمران خان سے ہونے والی حالیہ ملاقات ایک اچھا اور خوش آئند اقدام ہے ملاقاتوں کا یہ سلسلہ مستقبل میں بھی جاری رہنا چاہیے صدر پی ٹی آئی



لاہور (مانیٹرنگ ڈیسک) پاکستان تحریک انصاف) پی ٹی آئی (کے صدر اور سابق وزیراعلیٰ پنجاب چوہدری پرویز الٰہی نے عمران خان سے ان بقیہ نمبر 27 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

عالمی بینک نے صوبہ سندھ کیلئے 30 کروڑ ڈالر فنانسنگ کی منظوری دے دی

اسلام آباد (سی ایم لنکس) عالمی بینک نے صوبہ سندھ کیلئے 30 کروڑ ڈالر فنانسنگ کی منظوری دے دی۔ عالمی بینک کے اعلامیہ کے مطابق سندھ کے دیہی علاقوں کے 15 لاکھ افراد کو صاف پانی، صفائی اور حفظان صحت کی سہولتیں ملیں گی، عالمی بینک کی جانب سے فنڈنگ اسٹار واش ون بقیہ نمبر 10 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں



صوبائی وزیر صحت وایمرجنسی سروسز پنجاب خواجہ سلمان رفیق اور مشیر وزیراعلیٰ پنجاب علی مصطفیٰ ڈار ریسکیو ہیڈکوارٹرز میں پاسنگ آؤٹ کے موقع پر پریڈ کا معائنہ کر رہے ہیں۔

میئر کراچی کا پیمپنگ اسٹیشن کی بحالی وجدید پمپس کی تنصیب کا افتتاح

1 کروڑ گیلن پانی کی لائن میں چوری روکنے کے لیے ایلیویٹڈ واٹر لائن کا کام مکمل کر لیا گیا ہے

کراچی (سی ایم لنکس) میئر کراچی بیرسٹر مرتضیٰ وہاب نے کیماڑی میں پی آر سی ٹاور واٹر پمپنگ اسٹیشن کی بحالی اور جدید پمپس کی تنصیب کا افتتاح کر دیا، منصوبے سے کیماڑی، کھارادر اور لیاری کے مختلف علاقوں کے تقریباً 3 لاکھ شہری مستفید ہوں گے۔ پی آر سی ٹاور پمپنگ اسٹیشن کے 29 سال پرانے پمپس تبدیل کر کے 5 نئے ڈی بقیہ نمبر 11 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

پارٹی لیڈر شپ کی بیان بازی پر بہت دکھ ہوا: شوکت یوسفزئی

لیڈر شپ کو میڈیا پر اختلافی بیان بازی سے گریز کرنا چاہیے

پشاور (سی ایم لنکس) تحریک انصاف خیبر پختون خوا کے سیکریٹری اطلاعات شوکت یوسفزئی کا کہنا ہے کہ پی ٹی آئی میں گروپنگ نہیں بلکہ ڈسپلن کا فقدان ہے۔ ایک بیان میں انہوں نے کہا ہے کہ پارٹی لیڈر شپ کی بیان بازی پر بہت دکھ ہوا، بیرسٹر گوہر پارٹی کو متحد رکھنے کے لیے کردار ادا کریں۔ شوکت یوسفزئی کا کہنا ہے کہ پارٹی میں بقیہ نمبر 15 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

ڈرگ ڈیلر انمول پنکی کی وی آئی پی پروٹوکول میں شاہانہ پیشی، فیشن کے چرچے

آئندہ سماعت پر ملزمان پر فرد جرم عائد کی جائے گی

کراچی (سی ایم لنکس) ڈرگ ڈیلر انمول عرف پنکی کی عدالت میں شاہانہ پیشی ہوئی، جہاں ملزمہ کو وی آئی پی پروٹوکول میں انسداد دہشتگردی کمپلیکس لایا گیا۔ صوبائی انسداد منشیات عدالت میں ملزمہ انمول عرف پنکی اور دیگر ملزمان کو مقدمے کی نقول فراہم کر دی گئیں۔ عدالت کے مطابق آئندہ سماعت پر ملزمان پر فرد جرم عائد کی جائے بقیہ نمبر 16 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں



ورلڈ بینک کا وفد وزیراعلیٰ پنجاب اپنی چھت اپنا گھر پروگرام کے تحت لاہور میں بننے والے گھروں کا دورہ کر رہا ہے۔

پاکستان ایس سی او تہذیبی مکالمے میں شرکت کرے گا

وزیر موسمیاتی تبدیلی ڈاکٹر مصدق ملک نئی دہلی میں ملک کی نمائندگی کریں گے، ترجمان دفتر خارجہ

اسلام آباد (سی ایم لنکس) حکومت پاکستان نے شنگھائی تعاون تنظیم (ایس سی او) کے تحت نئی دہلی میں 20 سے 22 نومبر 2026 تک منعقد ہونے والے تہذیبی مکالمے میں پاکستان کی نمائندگی کے لئے وفاقی وزیر برائے موسمیاتی بقیہ نمبر 25 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

بنگلہ دیش کے 34 رکنی اعلیٰ سطحی وفد کا بادشاہی مسجد لاہور کا دورہ

حکومت پنجاب کی مذہبی ورثے کے تحفظ، تاریخی مقامات کی بحالی اور صوفیانہ روایات کے فروغ کے لیے کاوشوں کو بھرپور خراج تحسین

لاہور (سی ایم لنکس) برادر اسلامی ملک بنگلہ دیش کے 34 سول افسران پر مشتمل اعلیٰ سطحی وفد، جوان دنوں نیشنل سکول آف پبلک پالیسی بقیہ نمبر 26 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

مولانا فضل الرحمان کے سیکرٹری مفتی ابرار احمد کو فی الفور رہا کیا جائے قاری عبدالمنان قریشی

مفتی ابرار احمد کی بلاجواز گرفتاری کی ہم شدید مذمت کرتے ہیں حکومت اوچھے ہتھکنڈوں سے جمعیت کے مشن کو ختم نہیں کر سکتی سابق امیدوار ایم پی اے

احمد پور شرقیہ (نامہ نگار) قائد جمعیت مولانا فضل الرحمان کے سیکرٹری مفتی ابرار احمد کی بلاجواز گرفتاری کی ہم شدید مذمت کرتے ہیں مفتی ابرار احمد کو فی الفور رہا کیا جائے ان خیالات کا اظہار سابق امیدوار ایم پی اے قاری عبدالمنان قریشی نے اپنے ایک بیان میں کیا انھوں نے کہا کہ حکومت اوچھے ہتھکنڈوں سے جمعیت کے مشن کو ختم نہیں کر سکتی انہوں نے کہا کہ جمعیت علمائے بقیہ نمبر 17 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں



بہاول پور: چیئرمین مرکزی رویت ہلال کمیٹی پاکستان خطیب وامام بادشاہی مسجد لاہور سفیر امن مولانا سید محمد عبدالخبیر آزاد، تمام مکاتب فکر کے علماء کرام ومشائخ عظام اور شرکا پیام پاکستان کانفرنس کے موقع پر ہاتھوں میں ہاتھ ڈال کر افواج پاکستان کے ساتھ اظہار یکجہتی کر رہے ہیں۔

محسن نقوی دیے گئے اسائنمنٹ پر کام کرتے ہیں، ایاز صادق

لاہور (سی ایم لنکس) اسپیکر قومی اسمبلی ایاز صادق نے کہا ہے کہ وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی دیے گئے اسائنمنٹ پر کام کرتے ہیں۔ لاہور میں ایک تقریب سے خطاب میں ایاز صادق نے کہا کہ ہر وزیر اپنی وزارت چلا رہا ہے، ہر ایک کا اپنا کردار ہے، ترمیم ا؟ رہی ہے یا نہیں یہ نہیں پوچھتے، جب ا؟ ئے گی تب پتا چل جائے گا۔ انہوں نے مزید کہا کہ وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی دیے گئے بقیہ نمبر 23 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

سہیل آفریدی اور بابر سلیم سواتی سمیت 9 ارکان اسمبلی کی حراست آئینی عدالت میں چیلنج

اسلام آباد (سی ایم لنکس) سہیل آفریدی، بابر سلیم سواتی سمیت 9 ارکان اسمبلی کی گرفتاری اور حراست کو وفاقی آئینی عدالت میں چیلنج کر دیا گیا۔ محمود خان اچکزئی اور راجہ ناصر عباس نے منتخب نمائندوں کی فوری رہائی کے لیے آئینی درخواست بقیہ نمبر 24 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

وزیر برائے ریلوے سے وفاقی وزیر برائے پارلیمانی امور کی ملاقات

باہمی دلچسپی اور ملکی وپارلیمانی معاملات پر تبادلہ خیال کیا

اسلام آباد (سی ایم لنکس) وفاقی وزیر برائے پارلیمانی امور ڈاکٹر طارق فضل وزیر برائے ریلوے محمد حنیف عباسی سے وفاقی بقیہ نمبر 21 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں



صوبائی وزیر صحت وایمرجنسی سروسز پنجاب خواجہ سلمان رفیق اور مشیر وزیراعلیٰ پنجاب علی مصطفیٰ ڈار ریسکیو ہیڈکوارٹرز میں پاسنگ آؤٹ کے موقع پر پرائیڈ آف پرفارمنس پر ریسکیو رز کو یادگاری شیلڈز تقسیم کر رہے ہیں۔

پاکستان منرلز انویسٹمنٹ فورم 2026ء میں 60 سے زائد ممالک کی شرکت

13 معاہدوں اور مفاہمت کی یادداشتوں پر دستخط کیے گئے، وفاقی وزیر اطلاعات

اسلام آباد (سی ایم لنکس) وفاقی وزیر بقیہ نمبر 22 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

بہاول پور: ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر رانا عبدالوہاب ایس ڈی پی او آفس صدر سرکل بہاولپور میں کھلی کچہری کے موقع پر شہریوں کے مسائل دریافت کر رہے ہیں۔

ڈسٹرکٹ پلاننگ اینڈ ڈیزائن کمیٹی کا اجلاس، صدارت ڈپٹی کمشنر نے کی

ضلع بھر میں جاری ترقیاتی وتعمیراتی سرگرمیوں، مختلف منصوبوں کے ڈیزائن، نقشہ جات اور مجوزہ تعمیراتی امور کا جائزہ لیا

اجلاس میں متعلقہ افسران نے مختلف ترقیاتی منصوبوں کے ڈیزائن، نقشہ جات اور تکنیکی وانتظامی پہلوؤں کے حوالے سے بریفنگ دی



بہاول پور (پ ر) ڈپٹی کمشنر بہاولپور سید حسن رضا نے ڈسٹرکٹ پلاننگ اینڈ ڈیزائن کمیٹی کے اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے ضلع بھر میں جاری ترقیاتی وتعمیراتی سرگرمیوں، مختلف منصوبوں کے ڈیزائن، نقشہ جات اور مجوزہ تعمیراتی امور کا جائزہ لیا۔ اجلاس میں متعلقہ افسران نے مختلف ترقیاتی منصوبوں کے ڈیزائن، نقشہ جات اور تکنیکی و انتظامی پہلوؤں کے حوالے سے بریفنگ بقیہ نمبر 14 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

بہاول پور: ڈپٹی کمشنر سید حسن رضا ڈسٹرکٹ پلاننگ اینڈ ڈیزائن کمیٹی کے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں۔

عالمی بینک نے پاکستان کیلئے 30 کروڑ ڈالر قرض کی منظوری دے دی

اسلام آباد (سی ایم لنکس) عالمی بینک نے پاکستان کیلئے 30 کروڑ ڈالر قرض کی منظوری دے دی۔ عالمی بینک کے مطابق 30 کروڑ ڈالر کے منصوبے کے تحت سندھ کے دیہی علاقوں میں شمسی توانائی سے چلنے والے واٹر سپلائی سسٹم لگائے جائیں گے، نکاسی آب اور صفائی کا جدید نظام بھی منصوبے میں شامل ہے۔ سندھ میں 80 فیصد دیہی آبادی کو پانی اور صفائی کی پیشہ ورانہ خدمات فراہم کی جائیں گی، منصوبہ سندھ میں بچوں کی غذائی کمی بقیہ نمبر 18 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

عوامی شمولیت سے پاکستان میں شمسی توانائی کے انقلاب کی راہ ہموار ہو رہی ہے

وفاقی وزیر برائے موسمیاتی تبدیلی وماحولیاتی ہم آہنگی ڈاکٹر مصدق ملک

اسلام آباد (سی ایم لنکس) وفاقی وزیر برائے موسمیاتی تبدیلی وماحولیاتی ہم آہنگی ڈاکٹر مصدق ملک نے کہا ہے کہ پاکستان میں عوامی شمولیت کے ذریعے شمسی توانائی کا انقلاب برپا ہو رہا ہے جس کا مقصد ملک کے ہر گھر تک سستی، بقیہ نمبر 12 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ اسحاق ڈار کی زیر صدارت بین الوزارتی اجلاس

پاکستان اور ترکمانستان کے مشترکہ بین الحکومتی کمیشن کے آئندہ اجلاس کی تیاریوں کا جائزہ

اسلام آباد (سی ایم لنکس) نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ محمد اسحاق ڈار نے پاکستان اور ترکمانستان کے درمیان دوطرفہ تعاون کو مزید مستحکم بنانے میں مشترکہ بین الحکومتی کمیشن کی اہمیت اجاگر کرتے ہوئے متعلقہ وزارتوں کو ہدایت کی ہے کہ بقیہ نمبر 19 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں



بہاول پور: چیئرمین مرکزی رویت ہلال کمیٹی پاکستان خطیب وامام بادشاہی مسجد لاہور سفیر امن مولانا سید محمد عبدالخبیر آزاد پیام پاکستان کانفرنس سے خطاب کر رہے ہیں۔

بہاولپور میں پیغام پاکستان امن کانفرنس کا انعقاد کیا گیا

جس کا موضوع تحفظ حرمین شریفین، مذہبی ہم آہنگی، احترام انسانیت، منبر ومحراب ومدارس دینیہ کا کردار

معاشرے میں نوجوانوں کا کردار، اور پیغام پاکستان کا فروغ تھا



بہاول پور (پ ر) بہاولپور میں پیغام پاکستان امن کانفرنس کا انعقاد کیا گیا، جس کا موضوع تحفظ حرمین شریفین، مذہبی ہم آہنگی، احترام انسانیت، منبر ومحراب ومدارس دینیہ کا کردار، معاشرے میں نوجوانوں کا کردار، اور پیغام پاکستان کا فروغ تھا، اس کانفرنس کا مقصد عالمی امن کے قیام میں پاکستان کا کردار، فتح معرکہ حق کی کامیابی، دفاع حرمین شریفین کیلئے سعودی عرب، پاکستان اور ترکی کے مابین باہمی دفاعی معاہدہ اور پاکستان میں قومی یکجہتی، مذہبی ہم آہنگی، فتنہ الخوارج و فتنہ الہندوستان کا خاتمہ، پاکستان کا عظیم بیانیہ پیغام پاکستان کی آواز بقیہ نمبر 20 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

بہاول پور: چیئرمین مرکزی رویت ہلال کمیٹی پاکستان خطیب وامام بادشاہی مسجد لاہور سفیر امن مولانا سید محمد عبدالخبیر آزاد پیام پاکستان کانفرنس کے اختتام پر ملکی استحکام اور امت مسلمہ کی سربلندی اور تحفظ حرمین شریفین کے لیے دعا مانگ رہے ہیں۔

ایک دام

نشاط نیبرکس

پروپرائیٹر میاں خالد اینڈ سنز

آپ کا اعتماد..... ہماری پہچان

نزد رسول پلازہ ڈیرہ نواب روڈ

میاں بلال خالد 0332-6263802– میاں عمر خالد 0331-7567242

جینٹس ورائٹی، یامین، زین جی، اپ ٹائم، رواج، کرینٹ، کراؤن، پوری، نارکنز لیڈیز ورائٹی، بن الیاس، ایڈن روب، رنگ رسیہ، ایمان عدیل، علیزے، زل بری، شنائیل، میرین کلاسک، بن وحید، بن سعید، پیری ڈوٹ، موٹفز، شادی بیاہ کی اعلیٰ ترین ورائٹی آپ کی پسند کے مطابق دستیاب ہے۔

آپ کا اعتماد..... ہمارا معیار

نشاط آوٹ فٹ

ہمارے ہاں

بن سعید | سکس برو | کارلو کلب

مسٹر ہارون | آئی پی | ایم پی

زارا | نائیک | پولو

فورکڈز | بیس | بینگو

کڈز | بے بی بابا | کرتا شلوار

میاں حمزہ خالد

0300-4655291

فراک کی اعلیٰ ترین ورائٹی دستیاب ہے

پینٹ شرٹ ہر سائز میں خرید فرمائیں۔

شاپ نمبر 1 جنگو پلازہ ڈیرہ نواب روڈ

پنجاب ایجوکیشن فاؤنڈیشن و بہاولپور بورڈ سے الحاق شدہ

Muslim Public High School

مسلم پبلک ہائی سکول

(بوائز اینڈ گرلز)

پرنسپل : محمد اسماعیل فاروقی

ایم اے ایل ایل بی

0300-8884846

کچہری روڈ احمد پور شرقیہ

پنجاب ایجوکیشن فاؤنڈیشن و بہاولپور بورڈ سے الحاق شدہ

Ahmedpur Public High School

احمد پور پبلک ہائی سکول

(بوائز اینڈ گرلز)

کنگن روڈ احمد پور شرقیہ

پرنسپل محمد یوسف فاروقی

بی اے ایل ایل بی

0301-8688787

EFA School System

ایفا سکول سسٹم

نرسری تا نہم

پنجاب گروپ آف کالجز کا تعلیمی منصوبہ

پرنسپل: محمد سلیمان فاروقی

نزد پنجاب کالج فنچی موڑ احمد پور شرقیہ

اب نئی انتظامیہ کے ساتھ

The Educators

دی ایجوکیٹرز

نرسری تا پنجم

بین ہاؤس سکول سسٹم کا پراجیکٹ

عثمان کیمپس

سیٹلائٹ ٹاؤن بالمقابل مدینہ مسجد

نزد مسجد العزیز حمزہ ٹاؤن احمد پور شرقیہ

Punjab College (Ahmedpur East)

پنجاب کالج

(احمد پور شرقیہ)

F.Sc | I.C.S. | FA(IT)

BS | BS | BS (Computer Scienic)

بوائز اور گرلز کیلئے علیحدہ علیحدہ کیمپس

قنچی موڑ ڈیرہ نواب روڈ احمد پور شرقیہ

پنجاب ایجوکیشن فاؤنڈیشن بہاولپور بورڈ سے الحاق شدہ

Al Saleem Public School

السلیم پبلک سکول (رجسٹرڈ)

(نرسری تا میٹرک)

(بوائز اینڈ گرلز)

پرنسپل وڈائریکٹر

ارشد سلیم

نزد ہائی وے مسافر خانہ

کے ایل پی روڈ مسافر خانہ تحصیل بہاولپور صدر ضلع بہاولپور

پنجاب ایجوکیشن فاؤنڈیشن و بہاولپور بورڈ سے الحاق شدہ

پبلک ہائیر سیکنڈری

احمد پور سکول

بوائز اینڈ گرلز

نرسری تا میٹرک

6 کنال رقبہ پر مشتمل سکول کیمپس

پرنسپل: محمد سلیمان فاروقی

ایم اے، بی ایڈ، ایل ایل بی

0300-8688787

اشتہار نیلام عام

عوام الناس کو مطلع کیا جاتا ہے کہ میونسپل کمیٹی احمد پور شرقیہ بمقام قینچی موڑ کنٹین برائے کیفے ٹیریا اور جم/ورزش گاہ ماہانہ کرایہ داری کیلئے مورخہ 25-11-2026 بروز بدھ بوقت 11:00 بجے دفتر میونسپل کمیٹی احمد پور شرقیہ میں نیلام عام کر رہی ہے۔شرائط کرایہ داری کنٹین / کیفے ٹیریا اور جم/ورزش گاہ کیلئے دیگر تفصیل وغیرہ دفتری اوقات میں دفتر میونسپل کمیٹی احمد پور شرقیہ فنانس آفیسر صاحب سے ملاحظہ کی جاسکتی ہے۔درج شدہ زرضمانت آفیسر نیلام کنندہ کے پاس بیک سے آن لائن CDR بنوا کر نیلام سے دو دن پہلے جمع کروانا ہوگی۔اصل شناختی کارڈ ہمراہ لانا لازمی ہوگا۔میونسپل کمیٹی احمد پور شرقیہ کا کوئی باقیدار/بلیک لسٹ بولی میں حصہ نہ لے سکے گا۔درج ذیل کنٹین / کیفے ٹیریا اور جم/ورزش گاہ کیلئے کرایہ داری رولز پنجاب لوکل گورنمنٹ پراپرٹی رولز 2018 اور تمام دیگر قوانین و گورنمنٹ ہدایات کے مطابق عمل میں لائی جائیگی۔

نمبرشمار	ایڈریس	سائز	سرکاری بولی	زرضمانت	مدت
1	کنٹین / کیفے ٹیریا قینچی موڑ احمد پور شرقیہ	24x24	30,000/-	3,000/-	05 سال
2	جم/ورزش گاہ میونسپل لائبریری نزد چوک منیر شہید احمد پور شرقیہ	40x20	20000/-	2000/-	ایضاً

(نوٹ) اتھارٹی کو اختیار ہوگا کہ بغیر وجہ بتائے تمام بولیاں یا کوئی ایک بولی کینسل کر دے۔شرائط و دیگر تفصیلات دفتری اوقات کار میں دفتر میونسپل آفیسر (فنانس) میونسپل کمیٹی احمد پور شرقیہ سے حاصل کی جاسکتی ہے۔

IPB-767

(ارم شہزادی)
چیف آفیسر
میونسپل کمیٹی احمد پور شرقیہ

(اقراء ناصر اعوان)
ایڈمنسٹریٹر
میونسپل کمیٹی احمد پور شرقیہ

بقیہ نمبر 01

حوالدار محمد عدنان خان نے جام شہادت نوش کیا۔ترجمان پاک فوج کا کہنا تھا کہ سکیورٹی فورسز نے بلوچستان کے علاقوں کولپور، کردگاپ اور نوشکی کے گردونواح میں انٹیلی جنس بیسڈ آپریشنز کیے۔اسی طرح 13 اور 14 نومبر کی درمیانی شب کولپور کے علاقے میں کارروائی کے دوران 8 دہشت گردوں کو ہلاک کردیا گیا جب کہ ان کے قبضے سے اسلحے اور گولہ بارود کا بڑا ذخیرہ بھی برآمد کیا گیا۔آئی ایس پی آر کے مطابق 14 نومبر کو دہشت گردوں نے گشت پر مامور سکیورٹی فورسز کی گاڑیوں کو مسلح کواڈ کاپٹر ڈرونز کے ذریعے نشانہ بنایا، اس بزدلانہ حملے میں ضلع چکوال کے رہائشی میجر عمر منہاس ناصر اور کوٹلی ستیاں کے رہائشی حوالدار محمد عدنان خان شہید ہو گئے۔ترجمان پاک فوج کا کہنا تھا کہ دہشت گردوں کی بزدلانہ کارروائیاں سکیورٹی فورسز کے عزم کو متزلزل نہیں کرسکتیں، مقامی آبادی کے تحفظ اور دہشت گردی کے مکمل خاتمے کے لیے انٹیلی جنس بیسڈ آپریشنز بھرپور انداز میں جاری رہیں گے۔آئی ایس پی آر کے مطابق دہشت گردی کے خطرے کے مکمل خاتمے تک ان علاقوں میں کلیئرنس آپریشنز بھی جاری رکھے جائیں گے۔

بقیہ نمبر 02

روابط کے شعبوں میں تعاون کو مزید آگے بڑھانے کی اہمیت کو اجاگر کیا۔ترجمان دفتر خارجہ کی طرف سے جاری بیان کے مطابق نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ نے ترکمانستان کے ساتھ تعلقات کو پاکستان کی جانب سے دی جانے والی اہمیت پر زور دیا اور پاکستان۔ترکمانستان مشترکہ بین الحکومتی کمیشن کے آئندہ اجلاس کو دوطرفہ تعاون کے فروغ کا ایک اہم موقع قرار دیا۔انہوں نے بالخصوص تجارت، توانائی اور علاقائی روابط کے شعبوں میں تعاون کو مزید آگے بڑھانے کی اہمیت اجاگر کی۔نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ نے پاکستان اور ترکمانستان کے تعلقات کو مزید مستحکم بنانے کے لیے سفیر کی مسلسل کوششوں کو سراہا۔

بقیہ نمبر 03

ہفتے میں کاروبار کا مثبت رجحان رہا۔پاکستان اسٹاک ایکسچینج میں رواں ہفتے 100 انڈیکس 3987 پوائنٹس کے اضافے سے 177873 پر بند ہوا۔کاروباری ہفتے میں 100 انڈیکس 4495 پوائنٹس کے بینڈ میں رہا اور 100 انڈیکس کی ہفتہ وار بلند ترین سطح 180769 رہی جبکہ کم ترین سطح 176273 رہی۔حصص بازار میں اس 1 ہفتے میں 4.33 ارب شیئرز کے سودے 155 ارب روپے میں طے ہوئے۔مارکیٹ کیپٹلائزیشن ہفتے بھر میں 426 ارب روپے اضافے سے 19335 ارب روپے ہوگئی۔

بقیہ نمبر 04

ہوئی۔وزیراعظم شہباز شریف نے صدر مملکت کو اپنے دورہ ترکیہ اور 31 ویں کانفرنس آف پارٹیز میں شرکت کے حوالے سے آگاہ کیا۔دونوں رہنماں نے اتحادی جماعتوں کے درمیان باہمی تعاون، مشاورت کے تسلسل اور عوامی فلاحی منصوبوں پر پیشرفت کا جائزہ لیا۔اس موقع پر ملک میں معاشی استحکام اور ترقیاتی عمل تیز کرنے کے لیے مل کر کام کرنے کے عزم کا اعادہ کیا گیا۔ملاقات میں سپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق، سابق وزیراعظم راجہ پرویز اشرف، سینیٹر سلیم مانڈوی والا، وزیر قانون اعظم نذیر تارڑ، وزیراعظم کے مشیر رانا ثنااللہ اور رکن قومی اسمبلی میاں حمزہ شہباز شریف بھی موجود تھے۔

بقیہ نمبر 05

تصدیق، سابقہ ریکارڈ کی جانچ پڑتال، دوڑ (رنگ) اور قد و چھاتی کی پیمائش سمیت دیگر ضروری مراحل طے شدہ قواعد وضوابط کے مطابق مکمل کئے گئے۔ بھرتی کے عمل کی شفافیت اور غیر جانبداری برقرار رکھنے کے لیے ہر مرحلے کی ویڈیو ریکارڈنگ بھی یقینی بنائی گئی۔تفصیلات کے مطابق ڈی پی او رانا عبدالوہاب نے الیکشن کمیشن کے متعلقہ افسران کے ہمراہ بھرتی کے تمام مراحل کی نگرانی کی اور موقع پر موجودہ کرانتظامات کا جائزہ لیا۔ اس موقع پر انہوں نے متعلقہ افسران کو ہدایت کی کہ بھرتی کے عمل میں میرٹ، شفافیت اور غیر جانبداری کو ہر صورت مقدم رکھا جائے اور تمام کارروائی مقررہ قواعد وضوابط کے مطابق مکمل کی جائے۔ڈی پی او رانا عبدالوہاب نے کہا کہ بھرتی کے عمل میں سفارش، اقربا پروری یا کسی بھی قسم کے غیر قانونی اقدام کی کوئی گنجائش نہیں۔ تمام امیدواروں کو یکساں مواقع فراہم کئے گئے ہیں جبکہ ہر مرحلے کی ویڈیو ریکارڈنگ کا مقصد بھرتی کے عمل کو شفاف، قابلِ اعتماد اور ہر قسم کے شکوک و شبہات سے پاک بنانا ہے۔انہوں نے مزید کہا کہ بہاولپور پولیس نے الیکشن کمیشن کے ساتھ بھرپور تعاون کرتے ہوئے بھرتی کے عمل کو پرامن، منظم اور میرٹ کے مطابق مکمل کرنے کے لیے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائے۔بھرتی کے دوران امن و امان برقرار رکھنے اور کسی بھی ناخوشگوار واقعے سے بچنے کے لیے فول پروف سکیورٹی انتظامات بھی کیے گئے۔

بقیہ نمبر 06

اور صحافتی مہارتوں کو بہتر بنانا ہے۔دونوں مشیران نے جرنلسٹس الائنس پاکستان کے بانی اور میڈیا ایڈوائزر احسان احمد سحر کی دعوت پر صحافیوں کی استعداد کار بڑھانے کے لیے بلا معاوضہ تربیتی خدمات فراہم کرنے پر آمادگی ظاہر کی ہے۔نذیر خالد کی پریس کلبوں میں بالمشافہ تربیتی ورکشاپس کی پیشکش' حکومت پنجاب کے سابق سینئر ڈائریکٹر تعلقات عامہ نذیر خالد نے جے اے پی سے منسلک پریس کلبوں کے چیئرمینوں اور سیکریٹریز کو دعوت دی ہے کہ وہ اپنے اراکین کی پیشہ ورانہ ترقی کے لیے ان کے تجربے سے فائدہ اٹھائیں اور اپنے اپنے پریس کلبوں میں تربیتی ورکشاپس کا اہتمام کریں۔ احسان احمد سحر کے نام اپنے واٹس ایپ پیغام میں انہوں نے پیشکش کی کہ جب بھی کسی پریس کلب کی جانب سے اپنے اراکین کے لیے پیشہ ورانہ تربیت کی سرگرمی کا پروگرام بنایا جائے گا، وہ وہاں آ کر تربیتی نشست منعقد کرنے کے لیے دستیاب ہوں گے۔رضا کارانہ خدمت کے جذبے کا اظہار کرتے ہوئے نذیر خالد نے واضح کیا کہ وہ اپنی ذاتی اور گھریلو مصروفیات میں سے وقت نکالیں گے، متعلقہ مقام تک اپنے خرچ پر سفر کریں گے اور میزبان پریس کلب سے صرف ایک کپ چائے کے علاوہ کسی قسم کے معاوضے یا سہولت کی توقع نہیں رکھیں گے۔ان کی یہ پیشکش جنوبی پنجاب کے پریس کلبوں کو ایک تجربہ کار سابق اعلیٰ سرکاری افسر سے براہ راست صحافتی رہنمائی اور تربیت حاصل کرنے کا موقع فراہم کرتی ہے۔خالد سعید کی سوشل میڈیا جرنلزم پر آن لائن تربیت کی پیشکش' دوسری جانب کراچی سے تعلق رکھنے والے میڈیا پروفیشنل خالد سعید نے بھی جے اے پی کے اراکین کے لیے زوم کے ذریعے مفت آن لائن تربیتی نشستیں منعقد کرنے کی پیشکش کی ہے۔خالد سعید اس سے قبل ایشیا پسیفک میڈیا انسٹی ٹیوٹ کے کوآرڈینیٹر اور جاپان کی یونیورسٹی آف ٹوکیو سے وابستہ میڈیا کوآرڈینیٹر کے طور پر خدمات انجام دے چکے ہیں۔وہ اس وقت کراچی کی میڈی ایٹرز پرائیویٹ لمیٹڈ میں منیجر میڈیا مانیٹرنگ کے طور پر کام کر رہے ہیں، جہاں ان کی ذمہ داریوں میں ٹیلی ویژن چینلز اور پرنٹ میڈیا، بالخصوص کارپوریٹ میڈیا کوریج کی نگرانی شامل ہے۔رورل میڈیا نیٹ ورک پاکستان کے صدر احسان احمد سحر کے نام اپنے صوتی پیغام میں خالد سعید نے جرنلسٹس الائنس پاکستان کے قیام پر خوشی کا اظہار کرتے ہوئے اس کی پیشہ ورانہ ترقی کی سرگرمیوں میں بھرپور تعاون کی یقین دہانی کرائی۔انہوں نے بتایا کہ ان کی مجوزہ زوم تربیتی نشستوں کا خصوصی محور سوشل میڈیا جرنلزم اور ڈیجیٹل پلیٹ فارمز کے لیے مستند، ذمہ دارانہ اور معیاری صحافتی مواد تیار کرنے کی مہارتیں ہوں گی۔ان کے مطابق تربیتی نشستوں میں بنیادی طور پر چار اہم موضوعات شامل ہوں گے:1۔ ذرائع کی شناخت: سوشل میڈیا پر خبر یا معلومات شیئر کرنے سے قبل ان کے ذرائع کو سمجھنا اور ان کی تصدیق کرنا۔2۔معلومات کی صداقت: معلومات کی درستگی اور قابل اعتماد ہونے کا تعین کرنا اور گمراہ کن یا غیر مصدقہ مواد کی اشاعت سے گریز کرنا۔ 3۔ تدوین اور زبان: سوشل میڈیا پر شائع ہونے والی معلومات کی ایڈیٹنگ، پیشکش اور زبان کو بہتر بنانا۔4۔زبان اور انداز بیان: مختلف سوشل میڈیا پلیٹ فارمز کے لیے موزوں لہجے، الفاظ کے انتخاب اور ابلاغی انداز کو سمجھنا۔خالد سعید نے اس بات پر بھی زور دیا کہ تربیتی نشستوں میں شریک صحافی فعال انداز میں حصہ لیں اور زیادہ سے زیادہ سوالات کریں تاکہ وہ ان آن لائن مواقع سے بھرپور استفادہ کرسکیں۔ انہوں نے جے اے پی کے ساتھ مل کر ان تربیتی سرگرمیوں کے انعقاد میں تعاون جاری رکھنے کی خواہش کا اظہار کیا۔جے اے پی سے منسلک پریس کلبوں کے لیے تربیت کے دو مواقع' دونوں مشیران کی پیشکش سے جے اے پی سے منسلک پریس کلبوں کو اپنی ضروریات کے مطابق تربیت کے دو مختلف طریقے میسر آئیں گے۔نذیر خالد کی جانب سے پریس کلبوں میں بالمشافہ ورکشاپس منعقد کی جائیں گی، جبکہ خالد سعید زوم کے ذریعے آن لائن تربیت فراہم کریں گے۔یہ اقدام رورل میڈیا نیٹ ورک پاکستان اور روزنامہ نوائے احمد پور شرقیہ کے اس عزم کی عکاسی کرتا ہے کہ مقامی اور علاقائی صحافت کو مضبوط بنانے کے لیے کام کرنے والے صحافیوں کو تجربہ کار میڈیا پروفیشنلز سے منسلک کیا جائے اور ان کی مسلسل پیشہ ورانہ ترقی کے مواقع پیدا کیے جائیں۔جے اے پی سے منسلک پریس کلبوں کے چیئرمین اور سیکرٹریز اپنے اراکین کے لیے تربیتی نشستوں کے انعقاد اور دونوں مشیران کی رضاکارانہ خدمات سے استفادے کے لیے الائنس کی قیادت سے رابطہ کر سکتے ہیں۔جرنلسٹس الائنس پاکستان رورل میڈیا نیٹ ورک پاکستان اور روزنامہ نوائے احمد پور شرقیہ کا مشترکہ اقدام ہے۔



بقیہ نمبر 07

سحق نہیں، ڈی پی او تفصیلات کے مطابق تھانہ سول لائنز، بغداد الجدید، مسافر خانہ، ڈیرہ نواب اور تھانہ خیرپور ٹامیوالی پولیس نے شراب فروشی کے مرتکب 07 ملزمان کو گرفتار کرکے ان کے قبضہ سے 185 لیٹر شراب برآمد کرلی۔اسی طرح تھانہ سٹی یزمان، نوشہرہ جدید اور تھانہ خیرپور ٹامیوالی پولیس نے منشیات فروشی کے مرتکب 03 ملزمان کو گرفتار کرکے ان کے قبضہ سے 120 گرام کرسٹل آئس اور 1910 گرام چرس برآمد کرلی۔ جبکہ تھانہ صدر حاصل پور پولیس نے اسلحہ ناجائز رکھنے کے مرتکب 02 ملزمان کو گرفتار کرکے ان کے قبضہ سے 02 عدد پسٹل 30 بور برآمد کر لئے۔گرفتار ملزمان کے خلاف الگ الگ مقدمات درج کرکے مزید انٹیروگیشن شروع کردی گئی۔ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر رانا عبدالوہاب نے کہا کہ معاشرے کو منشیات اور دیگر سماجی برائیوں سے پاک کرنا بہاولپور پولیس کی اولین ترجیح ہے۔انہوں نے واضح کیا کہ جرائم پیشہ عناصر، منشیات فروشی میں ملوث افراد کے خلاف بلاامتیاز کارروائیاں جاری رہیں گی اور قانون شکنی کرنے والوں کے ساتھ کسی قسم کی رعایت نہیں برتی جائے گی۔

بقیہ نمبر 08

شرکت کر کے اپنے مسائل براہ راست ڈی پی او بہاولپور کے سامنے پیش کیے۔تفصیلات کے مطابق وزیر اعلیٰ پنجاب اور انسپکٹر جنرل آف پولیس پنجاب کے ویژن اور احکامات کی روشنی میں ڈی پی او بہاولپور نے ایس ڈی پی او آفس سرکل سٹی و صدر بہاولپور میں کھلی کچہریاں لگائیں۔منعقدہ کھلی کچہریوں کے دوران ڈی پی او رانا عبدالوہاب نے تمام سائلین کے مسائل فرداً فرداً تفصیل سے سنے اور متعلقہ افسران کو فوری قانونی کارروائی اور بروقت واپسی رپورٹ پیش کرنے کے احکامات جاری کیے۔متعدد ایس ایچ اوز سے موقع پر براہ راست جواب طلبی بھی کی گئی۔ڈی پی او بہاولپور نے مختلف درخواستوں پر انکوائریوں کے احکامات جاری کرتے ہوئے ریکوری کے مقدمات میں متعلقہ تفتیشی افسران کو ہدایت دی کہ ایک ہفتے کے اندر ریکوری مکمل کر کے مال مسروقہ مدعیان کے حوالے کیا جائے اور اس ضمن میں رپورٹ پیش کی جائے۔انہوں نے واضح کیا کہ غفلت یا تاخیر کے مرتکب افسران کے خلاف محکمانہ کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔اس موقع پر ڈی پی او رانا عبدالوہاب کا کہنا تھا کہ کھلی کچہریوں کا مقصد وزیر اعلیٰ پنجاب کے ویژن کے مطابق شہریوں کے مسائل کو ترجیحی بنیادوں پر حل کرنا اور عوام و پولیس کے درمیان اعتماد کے رشتے کو مزید مضبوط بنانا ہے۔شہریوں نے ڈی پی او بہاولپور کے اس اقدام کو سراہتے ہوئے کہا کہ مسائل کے فوری حل کے لیے پولیس افسران تک براہ راست رسائی ایک خوش آئند اور مثبت قدم ہے۔

بقیہ نمبر 09

رہا ہے۔پیپلزپارٹی اور پی ٹی آئی کے ترمیم کی حمایت نہ کرنے پر معاملہ ریفرنڈم کیلئے پارلیمنٹ میں لے جانے کی تجویز بھی دی گئی ہے۔ذرائع کے مطابق پی ٹی آئی نے نئے صوبوں کی حامی ہونے کے باوجود مجوزہ آئینی ترمیم کی حمایت کا عندیہ نہیں دیا، ریفرنڈم کی آئینی و قانونی حیثیت کے تعین کیلئے عدالت سے رجوع کرنے کا امکان بھی زیر غور ہے۔

بقیہ نمبر 10

منصوبے کے لیے فراہم کی جائے گی۔اعلامیہ میں کہا گیا کہ پاکستان میں بچوں کے قد نہ بڑھنے کی بڑی وجہ غیر محفوظ پانی اور ناقص صفائی ہے، منصوبے سے دیہی سندھ میں بچوں میں اسٹنٹنگ کی بنیادی وجہ کا خاتمہ ہوگا۔کنٹری ڈائریکٹر عالمی بینک نے سندھ کے دیہی علاقوں میں پانی کی فراہمی کے منصوبے میں تعاون جاری رکھنے کا اعلان کیا۔

بقیہ نمبر 11

ڈبلیو ٹی پمپس نصب کیے گئے ہیں، جبکہ نئے الیکٹرک پینلز اور کیبلز بھی لگائی گئی ہیں۔اس موقع پر میئر کراچی مرتضیٰ وہاب نے کہا کہ پمپنگ اسٹیشن کی بحالی واٹر کارپوریشن نے اپنے وسائل سے مکمل کی ہے۔شہر میں پانی چوری کی روک تھام کے حوالے سے انہوں نے کہا کہ 1 کروڑ گیلن پانی کی لائن میں چوری روکنے کے لیے ایلیویٹڈ واٹر لائن کا کام مکمل کرلیا گیا ہے، جس کی ٹیسٹنگ جاری ہے اور اسی ماہ افتتاح متوقع ہے۔میئر کراچی نے پانی چوری میں ملوث افراد کے خلاف ایف آئی آر درج کرانے کی بھی ہدایت کی اور کہا کہ اگر ماضی میں 300 ارب روپے خرچ کیے گئے ہوتے تو شہریوں کے مسائل حل ہو چکے ہوتے۔انہوں نے شہر میں امن، برداشت اور رواداری برقرار رکھنے پر زور دیتے ہوئے کہا کہ کراچی کو دوبارہ بھتہ خوری، ہڑتالوں اور لسانی تفریق کے دور میں نہیں جانے دیا جائے گا۔مرتضیٰ وہاب کے مطابق شہر کے مختلف علاقوں میں فراہمیء آب اور سیوریج کے منصوبے جاری ہیں، تاہم شہریوں کے لیے اصل اہمیت ان منصوبوں کی بروقت تکمیل اور پانی کی مستقل فراہمی ہے۔

بقیہ نمبر 12

صاف اور قابل رسائی بجلی پہنچانا ہے۔ہفتہ کو پیپلز لیڈ سولر ریولوشن سے خطاب کرتے ہوئے وفاقی وزیر نے کہا کہ شمسی توانائی کا فروغ پاکستان کے برقی نظام کو زیادہ شمولیتی بنانے میں اہم کردار ادا کرے گا۔مقامی سطح پر بجلی کی پیداوار سے نہ صرف توانائی کے شعبے میں خود انحصاری بڑھے گی بلکہ عام شہری بھی توانائی کے نظام کا فعال حصہ بن سکیں گے۔ڈاکٹر مصدق ملک نے کہا کہ شمسی توانائی کے استعمال سے گھریلو صارفین کے بجلی کے بلوں میں نمایاں کمی لانے میں مدد ملے گی، جبکہ بالخصوص دیہی علاقوں میں سولر سسٹمز کی فراہمی سے عوام کی زندگیوں میں مثبت تبدیلی آئے گی۔انہوں نے کہا کہ حکومت کا مقصد سولر انقلاب کے ثمرات معاشرے کے تمام طبقات تک پہنچانا اور عام آدمی کو توانائی کے شعبے میں بااختیار بنانا ہے۔اس ضمن میں شمسی توانائی کے منصوبوں میں نوجوانوں اور خواتین کی شمولیت کو بھی یقینی بنایا جائے گا تاکہ انہیں نئے مواقع فراہم کیے جاسکیں۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ پاکستان کو صاف، سستی اور پائیدار توانائی کی جانب منتقل کرنے کے لیے عوامی شمولیت بنیادی اہمیت رکھتی ہے۔انہوں نے زور دیا کہ توانائی کے انقلاب کی حقیقی کامیابی اسی وقت ممکن ہے جب عوام اس عمل میں شراکت دار بنیں۔

بقیہ نمبر 13

حوالے سے باقاعدہ منظوری دیتے ہوئے پنجاب حکومت اور پاکستان ایئر فورس کے درمیان مفاہمتی یادداشت (ایم او یو) کے مسودے کی بھی منظوری دے دی ہے۔دوسری جانب دنیا نیوز نے پنجاب حکومت کے سرکاری گلف سٹریم طیارے سے متعلق اہم سرکاری دستاویزات حاصل کر لیں، جن کے مطابق جدید جیٹ طیارے کی دیکھ بھال اور آپریشن کے دوران تکنیکی مشکلات سامنے آئیں۔دستاویزات میں انکشاف کیا گیا ہے کہ پنجاب حکومت کے وی آئی پی فلائٹ ونگ کی محدود تکنیکی صلاحیت کے باعث جدید طیارے کو مکمل طور پر سنبھالنا مشکل ہو رہا تھا۔اسی طرح گلف سٹریم کے جدید اور پیچیدہ نظام کو چلانے کے لیے خصوصی تکنیکی مہارت، تربیت یافتہ عملے اور جدید انفراسٹرکچر کی ضرورت ہے، پاکستان ایئر فورس کے پاس طیارے کی دیکھ بھال اور آپریشن کے لیے مطلوبہ تکنیکی مہارت اور تربیت یافتہ عملہ موجود ہے۔اسی کے پیش نظر پنجاب حکومت کے وی آئی پی فلائٹ ونگ نے آپریشنل کنٹرول اور مینٹیننس کی ذمہ داری پاک فضائیہ کو منتقل کرنے کے لیے مشاورت کی۔سرکاری دستاویزات میں بتایا گیا کہ پنجاب حکومت کا گلف سٹریم طیارہ پاکستان سول ایوی ایشن اتھارٹی سے ڈی رجسٹر کیا جا چکا ہے، جبکہ پاکستان ایئرفورس نے طیارے کو اپنا ٹیل نمبر بھی الاٹ کر دیا۔پاک فضائیہ کے تین حاضر سروس پائلٹس کی خدمات ڈیپوٹیشن پر پنجاب حکومت کے حوالے کی گئی ہیں، جو پنجاب حکومت کے پائلٹس کے ساتھ مل کر طیارے کے فلائٹ آپریشن انجام دے رہے ہیں۔دستاویزات میں جدید جیٹ طیارے کی محفوظ پرواز، مسلسل آپریشنل تیاری اور چوبیس گھنٹے دستیابی یقینی بنانے کو ضروری قرار دیا گیا ہے۔صوبائی کابینہ نے طیارے کا آپریشنل کنٹرول اور مینٹیننس پاک فضائیہ کے سپرد کرنے، سول ایوی ایشن سے ڈی رجسٹریشن اور پاک فضائیہ کی جانب سے ٹیل نمبر الاٹ کرنے کی منظوری دے دی ہے۔پنجاب حکومت اور پاک فضائیہ کے درمیان مجوزہ مفاہمتی یادداشت میں طیارے کی دیکھ بھال، تکنیکی امور اور مالی انتظامات کو شامل کیا گیا۔مزید برآں ایڈیشنل سیکرٹری ویلفیئر، ایس اینڈ جی اے ڈی کو پنجاب حکومت کی جانب سے ایم او یو پر دستخط کرنے کا اختیار بھی تفویض کر دیا گیا ہے۔

بقیہ نمبر 14

دی۔اس موقع پر ڈپٹی کمشنر سید حسن رضا نے ہدایت کی کہ شہری علاقوں میں تمام تعمیراتی منصوبے منظور شدہ ماسٹر پلان، بلڈنگ بائی لاز اور متعلقہ قواعد وضوابط کے مطابق مکمل کیے جائیں۔ترقیاتی منصوبوں میں جدید شہری منصوبہ بندی، خوبصورتی، معیاری ڈیزائن اور تعمیراتی تقاضوں کو ہر صورت یقینی بنایا جائے۔انہوں نے ہدایت کی کہ پیش کیے جانے والے نقشہ جات اور ڈیزائنز کا تکنیکی و انتظامی اعتبار سے جائزہ لیا جائے تاکہ مستقبل میں کسی قسم کی شہری یا انتظامی پیچیدگی پیدا نہ ہو۔ڈپٹی کمشنر نے مزید کہا کہ کمرشل عمارتوں اور دیگر تعمیراتی منصوبوں کی منظوری دیتے وقت پارکنگ کی مناسب جگہ، نکاسی آب کے مؤثر انتظامات، ٹریفک کی روانی اور شہریوں کو دستیاب سہولیات کے تقاضوں کو خصوصی طور پر مدنظر رکھا جائے۔تعمیراتی منصوبوں کی منظوری کے تمام مراحل میں شفافیت، میرٹ اور مقررہ قواعد وضوابط پر مکمل عملدرآمد یقینی بنایا جائے۔انہوں نے غیر قانونی تعمیرات اور منظور شدہ نقشہ جات کے برعکس ہونے والی تعمیراتی سرگرمیوں کی روک تھام کے لیے مؤثر نگرانی کی ہدایت کی کہ خلاف ورزیوں کی بروقت نشاندہی اور قواعد کے مطابق کارروائی عمل میں لائی جائے۔اجلاس میں پیش کیے جانے والے کیسز کا مکمل ریکارڈ اور تمام ضروری دستاویزات بروقت فراہم کرنے کی بھی ہدایت کی گئی۔ڈپٹی کمشنر سید حسن رضا نے کہا کہ بہاولپور میں تعمیراتی و ترقیاتی سرگرمیوں کو منظم، محفوظ، معیاری اور جدید شہری تقاضوں سے ہم آہنگ بنانا ضلعی انتظامیہ کی اولین ترجیح ہے تاکہ شہریوں کو بہتر سہولیات کی فراہمی کے ساتھ شہر کی خوبصورتی اور تعمیراتی معیار میں بھی بہتری لائی جاسکے۔

بقیہ نمبر 15

اختلاف رائے کو اختلافات کا نام دینا درست نہیں، پی ٹی آئی بڑی پارٹی ہے، لیڈر جیل میں ہے، اختلاف رائے ہوسکتا ہے۔انہوں نے کہا کہ لیڈر شپ کو میڈیا پر اختلافی بیان بازی سے گریز کرنا چاہیے، پارٹی کو انتشار سے بچانے کے لیے ڈسپلنری کمیٹی کا قیام ناگزیر ہو گیا ہے۔ان کا کہنا ہے کہ ابھی نئے صوبوں کا معاملہ پارٹی میں زیر غور نہیں آیا، نئے صوبوں کے ایشو پر پارٹی میں کوئی اختلافات نہیں، پارٹی کا موقف واضح ہے نئے صوبے آئینی طریقہ کار کے مطابق بننے چاہئیں۔شوکت یوسفزئی نے کہا ہے کہ نئے صوبوں کے قیام سے مسائل کے حل میں مدد ملے گی، بانی پی ٹی آئی سے وکلاء کی ملاقات کوئی ایشو نہیں، پی ٹی آئی کو پورے ملک میں سیاسی اسپیس نہیں مل رہا۔انہوں نے کہا کہ ہم سیاسی اسپیس لینے کی بجائے باہمی اسپیس بڑھا رہے ہیں، یہ بات سمجھنا ہوگی کہ پارٹی مفاہمت سے ہی مشکل سے نکل سکتی ہے۔

بقیہ نمبر 16

گی۔ملزمہ انمول عرف پنکی کو وی آئی پی پروٹوکول میں انسداد دہشتگردی کمپلیکس لایا گیا۔ملزمہ نے جدید تراش خراش کے کپڑے زیب تن کر رکھے تھے اور میک اپ بھی کیا ہوا تھا، جبکہ چمکدار قیمتی گھڑی بھی باندھ رکھی تھی۔ملزمہ کے چند سوگز دور عدالت جانے کے لیے 2 تھانوں کے اہلکار تعینات کیے گئے۔ وومن جیل سپرنٹنڈنٹ نے ملزمہ کی عدالت روانگی سے پہلے باہر سیکیورٹی کا خود جائزہ لیا، جبکہ جیل اور عدالت کے درمیان موجود تمام لوگوں کو ہٹادیا گیا۔جیل ذرائع کے مطابق ملزمہ انمول عرف پنکی نے ملزمان کے لیے بنی مخصوص جیکٹ پہننے سے انکار کر دیا، جس پر ملزمہ کو دھمکی دے کر جیکٹ پہننے کے لیے راضی کیا گیا۔جیل ذرائع کا کہنا ہے کہ ملزمہ سے کہا گیا کہ جیکٹ نہ پہنی تو عدالت میں پیش نہیں کیا جائے گا۔ پولیس کے مطابق ملزمان کے خلاف گارڈن پولیس نے مقدمہ درج کیا تھا۔

بقیہ نمبر 17

اسلام پاکستان میں اسلامی نظام نافذ کر کے دم لے گی

بقیہ نمبر 18

اور نشوونما کے مسائل کم کرنے میں مدد بھی دے گا۔عالمی بینک کیمطابق دیہی سندھ میں پانچ سال سے کم عمر نصف سے زائد بچے کم نشوونما کا شکار ہیں، سندھ میں صاف پانی اور صفائی کا 10 سالہ منصوبہ چار مراحل میں مکمل کیا جائے گا۔ پہلے مرحلے پر مجموعی طور پر 54 کروڑ ڈالر خرچ ہوں گے، ایشیائی ترقیاتی بینک 15 کروڑ ڈالر جبکہ سندھ حکومت منصوبے کیلئے 9 کروڑ ڈالر فراہم کرے گی۔پاکستان میں اس وقت عالمی بینک کے تعاون سے جاری 47 منصوبوں کی مجموعی مالیت تقریباً سولہ اعشاریہ ایک ارب ڈالر ہے۔

بقیہ نمبر 19

جے آئی سی کے آئندہ اجلاس کے بامقصد اور ٹھوس نتائج یقینی بنانے کے لیے قریبی رابطہ کاری اور جامع تیاریوں کو یقینی بنایا جائے۔ترجمان دفتر خارجہ کے جاری بیان کے مطابق نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ اسحاق ڈار کی زیر صدارت بین الوزارتی اجلاس میں پاکستان اور ترکمانستان کے مشترکہ بین الحکومتی کمیشن (جے آئی سی) کے آئندہ اجلاس کی تیاریوں کا جائزہ لیا گیا۔ نائب وزیراعظم ترکمانستان کے وزیر خارجہ کے ساتھ اس مشترکہ کمیشن کے اجلاس کی مشترکہ صدارت کریں گے۔ جائزہ اجلاس میں مجوزہ ایجنڈے، دوطرفہ معاہدوں اور انتظامی امور سے متعلق تیاریوں پر غور کیا گیا جبکہ دونوں ممالک کے درمیان تجارت، توانائی، علاقائی روابط، انفارمیشن ٹیکنالوجی، زراعت، ٹیکسٹائل، صحت، تعلیم، سیاحت اور ثقافت سمیت مختلف شعبوں میں تعاون کو آگے بڑھانے پر تبادلہ خیال کیا گیا۔اس موقع پر نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ اسحاق ڈار نے پاکستان اور ترکمانستان کے درمیان دوطرفہ تعاون کو مزید مستحکم بنانے میں مشترکہ بین الحکومتی کمیشن کی اہمیت اجاگر کرتے ہوئے متعلقہ وزارتوں کو ہدایت کی کہ اجلاس کے بامقصد اور ٹھوس نتائج یقینی بنانے کے لیے قریبی رابطہ کاری اور جامع تیاریوں کو یقینی بنایا جائے۔اجلاس میں سیکرٹری خارجہ، سیکرٹری اقتصادی امور ڈویژن، ترکمانستان میں پاکستان کے سفیر اور وزارت خارجہ سمیت دیگر متعلقہ وزارتوں کے سینئر حکام نے شرکت کی۔

بقیہ نمبر 20

کو ہر گھر تک پہنچانا، منبر ومحراب و مدارس دینیہ اور معاشرہ میں نوجوانوں کا کردار، جبکہ اس کانفرنس میں وزیراعظم پاکستان میاں محمد شہباز شریف اور اُمت مسلمہ کے ہیرو اور سپہ سالار فیلڈ مارشل جنرل حافظ سید عاصم منیر کی عالمی سطح پر عظیم امن خدمات کو خراجِ تحسین بھی پیش کیا گیا، کانفرنس کی صدارت چیئرمین مرکزی رویت ہلال کمیٹی پاکستان خطیب و امام بادشاہی مسجد لاہور سفیر امن مولانا سید محمد عبدالخبیر آزاد نے فرمائی۔اس موقع پر ڈپٹی کمشنر بہاولپور سید حسن رضا، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر میونسپل سروسز ڈاکٹر عائشہ خان، اسسٹنٹ کمشنر صدر حمزہ احتشام، اسسٹنٹ کمشنر بہاولپور سٹی اقراء مبین موجود تھیں۔کانفرنس میں تمام مکاتب فکر کے جید علماء کرام و مشائخ عظام و سماجی شخصیات نے شرکت و خطاب کیا جن میں مفتی فتح محمد راشدی، علامہ مختیار احمد ندیم، قاضی عبدالغفار قادری، علامہ محمد رشید ترابی، پیر سید سعادت علی شاہ، مولانا یوسف کھوسہ، قاری وقار احمد عثمانی، مفتی سید عاشق حسین شاہ، مولانا عبدالستار نیازی، پیر مسعود قاسم قاسمی، مفتی عبدالطیف، علامہ ارشد عابدی، مفتی محمد احمد، مفتی شفیق احمد اعوان، مولانا عبدالستار نیازی، مولانا عبیداللہ قادری، میاں اجمل عباس، قاری عمر بن عبدالعزیز، حاجی غلام حسین محمدی، مولانا ریاض احمد اویسی، مولانا سیف الرحمٰن بہلوی، مولانا سہیل صدیقی، مفتی محمد جاوید مصطفیٰ، اللہ بخش کلیار، مولانا عبدالرؤف ربانی، ڈاکٹر حمیداللہ خاکوانی، خواجہ محمد ادریس، سردار نجیب اللہ خان، مولانا احسان اللہ راحت، ودیگر علماء کرام وامن کمیٹی کے ممبران موجود تھے۔سفیر امن مولانا سید محمد عبدالخبیر آزاد نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ وطن عزیز پاکستان عالم اسلام کا قلعہ ہے، پاکستان کی سلامتی تحفظ و دفاع کیلئے پوری قوم افواج پاکستان کے شانہ بشانہ کھڑی ہے۔ہم ایک متحد قوم بن کر ہی دشمن کو شکست دے سکتے ہیں، مودی کا ناپاک ایجنڈا پاکستان میں نہیں چلنے دیں گے، فتنۃ الخوارج و فتنہ الہندوستان کے دہشت گردوں کے خاتمے کیلئے پوری قوم افواج پاکستان و قومی سلامتی کے اداروں کے ساتھ کھڑی ہے۔علماء کرام و مشائخ عظام منبر ومحراب کے ذریعے احترام انسانیت، مذہبی ہم آہنگی، قومی یکجہتی و پیغام پاکستان کے فروغ کیلئے اپنا کردار ادا کریں، پاکستان کا دفاع ہر آنے والے دن کے ساتھ مضبوط ہو رہا ہے۔ہمیں اپنی قیادت اور افواج پاکستان پر ناز ہے، جس نے پاکستان کو نا قابل تسخیر ہے، اللہ تعالیٰ نے پاکستان کو تاریخی فتح سے ہمکنار کیا۔مولانا سید محمد عبدالخبیر آزاد نے کہا کہ حرمین شریفین کے دفاع کیلئے سعودی عرب کے ولی العہد امیر محمد بن سلمان وزیراعظم پاکستان میاں محمد شہباز شریف اور امت مسلمہ کے عظیم ہیرو فیلڈ مارشل حافظ جنرل سید عاصم منیر اور ترکی کے صدر رجب طیب اردگان کی قیادت میں مکہ باہمی دفاعی معاہدہ پوری امت مسلمہ کی آواز ہے، حرمین شریفین کے دفاع کیلئے مکہ دفاعی معاہدہ پوری امت مسلمہ کی وحدت اور حرمین شریفین کے تحفظ کا ضامن ہے، سعودی عرب پر حوثی باغیوں کے حملے قابل مذمت ہیں۔سعودی عرب پر حملہ عالم اسلام پر حملہ ہے، حرمین شریفین کا تحفظ ہمارے ایمان کا حصہ ہے، پاکستانی قوم اور حکومت پاکستان سعودی عرب کی خودمختاری اور حرمین شریفین کے تحفظ و دفاع کیلئے سعودی عرب کے ساتھ کھڑی ہے، سعودی عرب اور حرمین شریفین کی سلامتی افواج پاکستان اور پوری قوم کی اولین ترجیح ہے، منبر ومحراب اور مدارس دینیہ کا کردار ہمیشہ ملک کی سلامتی و قومی یکجہتی کیلئے بڑا عظیم ہے۔دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ وطن عزیز پاکستان کو ہر اندرونی و بیرونی خطرات سے محفوظ رکھے۔کانفرنس کے آخر میں تمام مکاتب فکر کے جید علماء کرام و مشائخ عظام اور دیگر شرکاء نے ہاتھوں میں ہاتھ ڈال کر افواج پاکستان کے ساتھ اظہار یکجہتی کی اور اسلام زندہ باد، پاکستان زندہ باد، افواج پاکستان پائندہ باد کے فلک شگاف نعرے لگائے جس سے پورا ہال گونج اٹھا۔بعدازاں ملکی سلامتی، ترقی وخوشحالی، استحکام پاکستان، حرمین شریفین کے تحفظ، عالم اسلام کے اتحاد، مقبوضہ کشمیر و غزہ و فلسطین کی آزادی کی خصوصی دعا کی گئی۔

بقیہ نمبر 21

چوہدری نے ملاقات کی اور باہمی دلچسپی کے امور اور ملکی و پارلیمانی معاملات پر تبادلہ خیال کیا۔ وزارت ریلوے کی جانب سے جاری اعلامیہ کے مطابق وزارت ریلوے میں ہونے والی ملاقات کے دوران وفاقی وزیر ڈاکٹر طارق فضل چوہدری نے پاکستان ریلوے میں جاری اصلاحاتی اقدامات پر اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان ریلوے میں ڈیجیٹلائزیشن، جدید ٹیکنالوجی اور آپریشنل نظام کی بہتری کے اقدامات قابل تحسین ہیں۔انہوں نے کہا کہ ریلوے کی آمدن میں اضافہ، خسارہ میں کمی اور مسافروں کو بہتر سفری سہولیات کی فراہمی کے اقدامات خوش آئند ہیں۔ ملاقات کے دوران گفتگو کرتے ہوئے وفاقی وزیر ریلوے محمد حنیف عباسی نے کہا کہ پاکستان ریلوے نے اپنی تاریخ میں پہلی مرتبہ 100 ارب روپے سے زائد آمدن حاصل کی ہے۔انہوں نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ وزیراعظم محمد شہباز شریف کے وژن کے تحت پاکستان ریلوے رواں مالی سال میں 160 ارب روپے آمدن کا ہدف حاصل کرے گی۔محمد حنیف عباسی نے کہا کہ پاکستان ریلوے کو مالی طور پر مستحکم، جدید اور منافع بخش ادارہ بنانا ہماری اولین ترجیح ہے۔

بقیہ نمبر 22

اطلاعات ونشریات عطاء اللہ تارڑ نے کہا ہے کہ وزیراعظم محمد شہباز شریف نے فیلڈ مارشل سید عاصم منیر کے ہمراہ پاکستان منرلز انویسٹمنٹ فورم 2026ء کی اختتامی تقریب میں شرکت کی، فورم میں 60 سے زائد ممالک کے نمائندے شریک ہوئے۔ ہفتہ کو سماجی رابطے کے پلیٹ فارم ''ایکس'' پر اپنی پوسٹ میں وفاقی وزیر اطلاعات نے کہا کہ فورم کے دوران سرمایہ کاری کے حوالے سے اہم اعلانات کیے گئے جبکہ 13 معاہدوں اور مفاہمت کی یادداشتوں پر دستخط ہوئے۔اس موقع پر نیشنل منرلز ڈیٹا سینٹر اور جی ایس پی جیو پورٹل کا بھی افتتاح کیا گیا۔عطاء اللہ تارڑ نے کہا کہ یہ پیش رفت پاکستان کی معدنیاتی صلاحیتوں سے بھرپور استفادہ کرنے اور ملک میں معدنی وسائل کی مقامی سطح پر ویلیو ایڈیشن کے فروغ کی جانب اہم قدم ہے۔انہوں نے کہا کہ ان شاء اللہ پاکستان کا مستقبل روشن ہے۔

بقیہ نمبر 23

اسائنمنٹ پر کام کرتے ہیں، میرا کام اس وقت شروع ہوگا جب حکومت کہے گی کہ 28 ویں ترمیم آ رہی ہے، ترمیم کو اچھا یا برا نہیں کہوں گا، میرا کام سہولت فراہم کرنا ہے۔

بقیہ نمبر 24

دائر کر دی۔ایڈووکیٹ معظم بٹ کی وساطت سے گرفتاری اور حراست کے خلاف درخواست دائر کی گئی ہے۔درخواست میں مؤقف اختیار کیا گیا کہ منتخب نمائندوں کو حراست میں رکھنا عوام کے انتخابی مینڈیٹ کو غیر مؤثر بنانے کے مترادف ہے۔ سیاسی وابستگی کی بنیاد پر منتخب نمائندوں کو نشانہ بنانا آئین کے آرٹیکل 4، 14، 17 اور 25 کی خلاف ورزی ہے۔درخواست میں حکومت سے مطالبہ کیا گیا ہے کہ زیر حراست ارکان اسمبلی کہاں ہیں؟ ان کی قانونی حیثیت اور مقام حراست کی واضح تفصیلات سامنے لائی جائیں۔درخواست کے مطابق آرٹیکل 232، 234 اور 245 کے تحت غیر معمولی اختیارات بھی بنیادی حقوق سے بالاتر نہیں، جبکہ گورنر راج نافذ ہونے سے بنیادی حقوق ختم نہیں ہوتے۔حکومتی اقدامات ایف سی سی کے عدالتی جائزے کے تابع ہیں۔درخواست میں کہا گیا ہے کہ بانی پی ٹی آئی نے محمود اچکزئی اور راجہ ناصر عباس کو حکومت سے مذاکرات کی ذمہ داری سونپی تھی۔درخواست گزاروں کے مطابق ریاستی مشینری کو سیاسی اختلاف دبانے اور منتخب نمائندوں کو غیر مؤثر بنانے کے لیے استعمال نہیں کیا جا سکتا۔درخواست میں تمام متاثرہ ارکان اسمبلی کو وفاقی آئینی عدالت میں پیش کرنے اور ان کی حراست کا قانونی جواز جانچنے کی استدعا کی گئی ہے۔محمود اچکزئی اور راجہ ناصر عباس نے عدالت سے مزید استدعا کی ہے کہ تمام زیر حراست منتخب نمائندوں کی فوری رہائی کا حکم دیا جائے۔

بقیہ نمبر 25

تبدیلی و ماحولیاتی ہم آہنگی ڈاکٹر مصدق مسعود ملک کو نامزد کیا ہے۔ترجمان دفتر خارجہ کے جاری بیان کے مطابق مکالمے میں ایس سی او کے رکن ممالک کے نمائندے شرکت کریں گے، جہاں تہذیبی مکالمے اور ثقافتی تفہیم سے متعلق امور پر تبادلہ خیال کیا جائے گا۔ بیان میں مزید کہا گیا ہے کہ حکومت پاکستان باہمی احترام کے جذبے کے تحت تہذیبوں کے درمیان مکالمے کے فروغ اور ایس سی او کے پلیٹ فارم کے ذریعے عوامی سطح پر روابط مضبوط بنانے کے عزم پر قائم ہے۔

بقیہ نمبر 26

(NSPP) لاہور میں تربیتی پروگرام میں شریک ہے، نے حکومت پنجاب کی جانب سے صوبہ بھر میں مذہبی ورثے کے تحفظ، تاریخی مقامات کی بحالی، مزارات کی تزئین و آرائش، مقدس تبرکات اور تاریخی نوادرات کی حفاظت اور صوفیائے کرام کی تعلیمات و روایات کے فروغ کے لیے جاری اقدامات کو بھرپور سراہتے ہوئے انہیں قابلِ تحسین، حوصلہ افزا اور قابل تقلید کاوشیں قرار دیا ہے۔ وفد کے ارکان نے کہا کہ مذہبی اور تاریخی ورثہ کسی بھی قوم کی تہذیبی، روحانی اور ثقافتی شناخت کا قیمتی سرمایہ ہوتا ہے، جس کا تحفظ اور جدید انداز میں عوام، بالخصوص نوجوان نسل اور آنے والی نسلوں سے تعارف وقت کی اہم ضرورت ہے۔ان خیالات کا اظہار بنگلہ دیشی وفد نے تاریخی بادشاہی مسجد لاہور کے دورے کے موقع پر کیا۔وفد کے ارکان نے مزار شاعرِ مشرق علامہ محمد اقبالؒ پر حاضری دی، فاتحہ خوانی کی اور بادشاہی مسجد میں نماز عصر ادا کی۔بعد ازاں وفد نے بادشاہی مسجد میں قائم مقدس تبرکات گیلری اور اقبال ہال کا دورہ کیا، جہاں انہیں مذہبی و تاریخی ورثے کے تحفظ، تاریخی نوادرات کی دستاویز بندی اور پنجاب بھر کے مختلف مزارات و تاریخی مقامات پر جدید طرز کی ہیریٹیج اور کلچر گیلریوں کے قیام کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ دی گئی۔اس موقع پر وفد کو خصوصی دستاویزی فلمیں بھی دکھائی گئیں، جن میں صوبے کے مختلف مزارات پر قائم گیلریوں، محفوظ تاریخی نوادرات، مقدس تبرکات، صوفیائے کرام کی تعلیمات اور ان کے روحانی و سماجی کردار کو اجاگر کیا گیا۔بنگلہ دیشی افسران نے گیلریوں میں محفوظ تاریخی و مذہبی نوادرات اور جدید انداز میں پیش کیے گئے مذہبی و ثقافتی ورثے میں گہری دلچسپی کا اظہار کیا اور اپنے تاثرات کمنٹس رجسٹر میں قلمبند کیے۔وفد کے ارکان نے سیکرٹری/ چیف ایڈمنسٹریٹر اوقاف پنجاب ڈاکٹر احسان بھٹہ کی قیادت میں محکمہ اوقاف کی جانب سے صوبہ بھر میں مزارات، مساجد اور دیگر مذہبی و تاریخی مقامات کے تحفظ، بحالی، تزئین و آرائش اور ان کی تاریخی و روحانی اہمیت کو اجاگر کرنے کے لیے کی جانے والی مربوط کوششوں کو خصوصی طور پر سراہا۔انہوں نے کہا کہ ڈاکٹر احسان بھٹہ کی زیر نگرانی مذہبی ورثے کے تحفظ اور صوفیائے کرام کے امن، محبت، رواداری، اخوت، برداشت اور انسانیت کی خدمت کے آفاقی پیغام کو مؤثر انداز میں عام کرنے کے لیے محکمہ اوقاف کے اقدامات ایک قابل قدر پیش رفت ہیں۔ وفد نے مزید کہا کہ پاکستان اور بنگلہ دیش کا مشترکہ اسلامی، روحانی اور ثقافتی ورثہ دونوں برادر اسلامی ممالک کے درمیان مضبوط تعلقات کی بنیاد ہے اور ایسے تاریخی و مذہبی مقامات کے دورے باہمی دوستی، ثقافتی ہم آہنگی، مذہبی رواداری اور احترام کے رشتوں کو مزید مستحکم بنانے میں اہم کردار ادا کرتے ہیں۔

بقیہ نمبر 27

کے وکلا کی ملاقات کو خوش آئند اقدام قرار دیتے ہوئے کہا کہ خطے کے تبدیل ہوتے حالات کا تقاضا ہے کہ ملک کے اندر سیاسی ڈیڈ لاک کا خاتمہ ہو کیونکہ صورت حال کسی کے مفاد میں نہیں ہے۔پی ٹی آئی کے مرکزی صدر چوہدری پرویز الٰہی سے پی ٹی آئی کے سینئر رہنما اور قانون دان سردار لطیف کھوسہ نے اہم ملاقات کی، جس میں لطیف کھوسہ نے بانی پی ٹی آئی عمران خان سے ہونے والی حالیہ ملاقات کے حوالے سے انہیں آگاہ کیا اور ملاقات میں ملک کی مجموعی سیاسی صورت حال پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔چوہدری پرویز الٰہی نے کہا کہ عمران خان سے ہونے والی حالیہ ملاقات ایک اچھا اور خوش آئند اقدام ہے، خطے میں جس تیزی سے حالات تبدیل ہو رہے ہیں ان کا تقاضا ہے کہ ملک کے اندر بھی سیاسی ڈیڈ لاک کا خاتمہ ہو کیونکہ یہ صورت حال کسی کے مفاد میں نہیں ہے۔انہوں نے کہا کہ ملاقاتوں کا یہ سلسلہ مستقبل میں بھی جاری رہنا چاہیے۔چوہدری پرویز الٰہی نے کہا کہ سردار لطیف خان کھوسہ ایک انتہائی تجربہ کار اور منجھے ہوئے سیاست دان ہیں، ان کی سیاسی بصیرت پارٹی کے لیے اہمیت کی حامل ہے۔بیان میں کہا گیا کہ اس موقع پر پی ٹی آئی کے دونوں رہنماں نے آئندہ لائحہ عمل اور حکمت عملی پر بھی مشاورت کی۔

پبلشر
احسان احمد سحر
پرنٹر
نسیم اختر
مطبع
گردیزی پرنٹنگ پریس بہاولپور
مقام اشاعت
535-536 سرور شاہ سٹریٹ احمد پور شرقیہ